آئیے ہم دنیا کے سب سے اہم سرد خانے کی سیر کو چلتے ہیں جہاں بیج محفوظ کیے جاتے ہیں
نورتھ پول سے تیرا سو کلومیٹر (آٹھ سو میل) دور واقع اس سرد خانے کا نام سوالبرڈ گلوبل سیڈ والٹ ہے .یہاں پر پوری دنیا سے لائے گئے ہر طرح کے درختوں اور پودوں کے بیج رکھے جاتے ہیں .یہ سرد خانہ ناروے میں واقع ہے جو کے تقریباً دو سو سال پہلے تعمیر کیا گیا .اس کی تعمیر پر آنے والی لاگت نو ملین تھی اور آج بھی اس کو چلانے کے لیے کی ملین خرچ ہوتے ہیں اس پر زلزلوں اور دھماکوں کا کوئی اثر نہیں ہوتا اور یہ عالمی ایٹمی جنگ میں بھی محفوظ رہ سکتا ہے ،یہ پہاڑ کے کنارے پر واقع ہے اس وجہ سے اگر دنیا کی تمام برف بھی پگھل جاے تب بھی یہ سطح سمندر سے اوپر ہی رہے گا .
چلیں اب اس کے اندر چلتے ہیں .داخلی دروازے کے بعد کچھ آگے جا کر پانچ دروازے آتے ہیں . ہر دروازے کے بعد ایک سرنگ ہے جو کے نیچے کی طرف جاتی ہیں جہاں بیجوں کو رکھا جاتا ہے .اوپری سطح پر ٹھنڈ نیچے کی بنسبت کم ہوتی ہے .یہ سرد خانہ پہاڑ کے اندر واقع ہے .پہاڑ کے اوپر ہمیشہ برف جمی رہتی ہے اور درجہ حرارت ہمیشہ منفی دو یا تین ڈگری سینٹی گریڈ رہتا ہے .سرد خانے کو تین حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ان میں سے ابھی ایک حصّہ استعمال میں ہے جہاں بیج رکھے جاتے ہیں .یہ زیر استعمال حصّہ داخلی دروازے سے ایک سو بیس میٹر کے فاصلے پر ہے .سرنگ کے بعد تینوں حصّوں کے دروازے آتے ہیں .اندر ہر طرف برف سے ڈھکے پائپ اور دیواریں ہیں .اندر کا درجہ حرارت منفی اٹھارہ ڈگری سینٹی گریڈ ہے جہاں بیج رکھے جاتے ہیں .
یہ سرد خانہ ایک طرح کا بنک لاکر ہے .یہاں بیجوں کو نہایت احتیاط اور حفاظت سے رکھا جاتا ہے .ایئر پورٹ پر بیجوں کے ڈبے کی چیکنگ ہوتی ہے کہ کسی طرح کا دھماکہ خیز مواد توموجود نہیں اور اسکے بعد اس کو سیل پیک کر دیا جاتا ہے .سرد خانے میں آنے کے بعد کوئی بھی ڈبے کو نہیں کھول سکتا یہاں تک کہ وہ بیج وہاں نہیں پہنچ جاتے جہاں انہیں رکھا جانا مقصود ہوتا ہے .
اس سرد خانے میں کسی بھی قسم کے نشے والے پودے کے بیج رکھنے پر پابندی ہے اور ساتھ ہی ساتھ یہاں پر جنیاتی انجینرنگ سے تیار کردہ بیج بھی نہیں رکھے جاتے .
ایک کمرے (تین میں سے ایک حصّہ) میں پوری دنیا سے اکٹھے کیے گئے کی ملین طرح کے بیج رکھے جاتے ہیں.کمرے کا درجہ حرارت منفی اٹھارہ ڈگری سینٹی گریڈ ہوتا ہے .
بہت سے ملک اپنے بیج وہاں رکھواتےہیں اور ضرورت پڑنے پر واپس بھی لے سکتے ہیں .ہر ملک سے آے ہوے بیجوں کے ڈبے پر ملک کا چھوٹا سا جھنڈا اور کوڈ لگا ہوتا ہے .ایک ملک کے بیج ایک ہی جگہ اکٹھے شیلفوں میں رکھے جاتے ہیں .
جب تیسرا حصّہ بھی بھر جاے گا تو یہاں تقریباً تین ملین مختلف species کے بیج اسٹور ہونگے .ہر نسل کے تقریباً پانچ سو بیج موجود ہوتے ہیں .ایک وقت آے گا کہ جب یہاں کھربوں بیج ہونگے اور یہ زراعت کے لیے بیجوں کا سب سے بڑا کلیکشن ہو گا .
بیجوں کو محفوظ کرنے کے لیے صرف یہی ایک سرد خانہ نہیں ہی بلکے پوری دنیا میں تقریباً سترہ سو سرد خانے موجود ہیں جو بیجوں کو محفوظ کرتے ہیں .ان کو مختلف حکومتیں اور آرگنائزیشنز چلاتی ہیں .
کیا اس سیڈ والٹ کا کوئی فائدہ بھی ہے یا صرف یہ پیسوں کا ضیاع ہے ؟
اس سوال کا جواب سیریا کے لوگ بہتر دے سکتے ہیں . سیریا میں کام کرنے والا والٹ ایک bomb بلاسٹ میں اڑا دیا گیا تھا پچھلے سال انہوں نے کاشت کے لیے سوالبرڈ گلوبل سیڈ والٹ سے بیج حاصل کیے .اس کے علاوہ لبنان نے بھی کاشت کے لیے یہاں سے بیج حاصل کیے ہیں .
یہاں اگر بجلی کی سپلائی منقطع بھی ہو جاے تب بھی درجہ حرارت ہمیشہ منفی ۲ سے ۳ ڈگری سینٹی گریڈ ہی رہے گا اور بیج ہمیشہ محفوظ ہی رہیں گے
ہم نہیں جانتے کے دنیا کے حالات مستقبل میں کیسے ہوں .....ہو سکتا ہے کوئی جنگ شروع ہو جاے اور تمام درخت تباہ ہو جایں ایسی صورت میں بچے کھچے انسانوں کے لیے آخری امید یہی والٹ ہونگے . ہم چاہے جسے بھی رہیں ،رہیں بھی یا نہ رہیں دنیا میں پاے جانے والی پودوں کی تقریباً تمام اقسام کے بیج ہمیشہ محفوظ رہیں گے .شکریہ svalbard global see vault .
تحریر :ابوبکر